# <u>علاقائی خبریں</u>

28 اگست 2026

1:10 P.M.

<u>नेपाल बाढ़</u>

نیپال - تبت میں آئے تباہ کن سیلاب سے مرنے والوں کی تعداد بڑھکر 469 ہو گئی ہے نیپال میں 389 اور تبت میں 3 لوگوں کی موت ہوئی ہے -

اس درمیان اتر پردیش حکومت نے نیپال میں پھنسے ہوئے یا مدد کے خواہاں افراد کے لیے ایک ہیلپ لائن نمبر 1070 شروع کیا ہے۔ متاثرہ خاندان اس ہیلپ لائن کے ذریعے فوری طور پر معلومات شیئر کر سکتے ہیں۔ نیپال میں پھنسے ہوئے ریاست کے شہریوں کو بحفاظت نکالنے کے لیے حکومت نے راحت اور بچاؤ ٹیموں کو متحرک کر دیا ہے۔ ایس ڈی آر ایف کی ایک پلاٹون ریسکیو آپریشن کے لیے روانہ کر دی گئی ہے۔ اس کے علاوہ پی اے سی کی 26ویں بٹالین کے بائیس فوجیوں کو بھی نیپال بھیجا گیا ہے۔ ریلیف کمشنر آفس کے کنٹرول روم سے سرحدی اضلاع کی صورتحال پر نظر رکھی جا رہی ہے۔

دریں اثنا، نیشنل ڈیزاسٹر ریسپانس فورس (این ڈی آر ایف) نے کہا کہ نیپال میں تباہ کن سیلاب کی وجہ سے بہار اور اتر پردیش کے سرحدی علاقوں میں کسی قسم کے نقصان کی کوئی اطلاع نہیں ہے۔ این ڈی آر ایف کے انسپکٹر جنرل نریندر سنگھ بندیلا نے بتایا کہ ریاست کے گورکھپور ضلع میں فورس کی ایک ٹیم کو تعینات کیا گیا ہے۔

.......................................................

वेबसाइट

28-08-26

<u>रक्षा बंधन</u>

بھائی بہن کے درمیان اٹوٹ محبت کی علامت رکھشا بندھن کا تہوار آج روایتی جوش و خروش کے ماحول میں منایا جا رہا ہے۔

وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے اس موقع پر لکھنؤ میں ایک پروگرام میں شرکت کی۔ اپنے خطاب میں وزیر اعلیٰ نے نوجوان نسل کو سمجھاتے ہوئے کہا کہ ۔

बाइट.......

ریاستی حکومت نے اس سال بھی رکھشا بندھن پر ریاست کی خواتین کو مفت بس سفر کا تحفہ دیا ہے ۔ خواتین مسافر کل سے اس سہولت سے استفادہ کر رہی ہیں۔ خواتین کو اتر پردیش اسٹیٹ روڈ ٹرانسپورٹ کارپوریشن اور سٹی بسوں میں کل آدھی رات تک ایک ساتھی کے ساتھ مفت سفر کی سہولت دی جارہی ہے۔

..........................................................

वेबसाइट

28-08-26

<u>मुख्यमंत्री - स्टार्टअप</u>

وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے کل لکھنؤ میں ایک پروگرام میں حصہ لیا جس میں اسٹارٹ اپ پالیسی کے تحت 107 اسٹارٹ اپس کو 3 کروڑ 42 لاکھ روپئے اور 9 انکیوبیٹر کو 1 کروڑ 79 لاکھ روپئے سے زیادہ کی مراعات تقسیم کی گئیں۔ اس موقع پر کتابچہ "اتر پردیش اسٹارٹ اپ پالیسی 2026" جاری کیا گیا اور "اتر پردیش اسٹارٹ اپ مشن پورٹل" کا اجراءبھی کیا گیا۔ اپنے خطاب میں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ اتر پردیش ملک میں تیزی سے ابھرتی ہوئی معیشت والی ریاست ہے۔

.........................................................

वेबसाइट

28-08-26

<u>मुख्यमंत्री - समीक्षा</u>

وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے کل اسٹیٹ ٹرانسفارمیشن کمیشن کی میٹنگ میں ریاست میں جاری بڑے ترقیاتی پروجیکٹوں اور عوامی بہبود کی اسکیموں کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ میٹنگ کے دوران انہوں نے ہدایت دی کہ زمین کے حصول، ٹینڈرز اور محکمانہ رابطہ کاری سے متعلق زیر التوا مسائل کو فوری طور پر حل کیا جائے اور تمام منصوبوں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنایا جائے۔

.......................................................

वेबसाइट

28-08-26

<u>राजनाथ सिंह</u>

وزیر دفاع اور لکھنؤ کے رکن پارلیمنٹ راج ناتھ سنگھ آج تین روزہ دورے پر لکھنؤ پہنچ رہے ہیں۔ اس دورے کے دوران وہ مختلف تقریبات میں شرکت کریں گے اور کئی ترقیاتی منصوبوں کا افتتاح اور سنگ بنیاد رکھیں گے۔ بی جے پی لکھنؤ مہانگر صدر آنند دویدی نے کہا کہ وزیر دفاع کل بابا صاحب بھیم راؤ امبیڈکر یونیورسٹی کے 11ویں کانووکیشن میں شرکت کریں گے۔

.......................................................

वेबसाइट

28-08-26

<u>साइबर अपराध</u>

راجدھانی لکھنؤ میں واقع ڈاکٹر اے پی جے عبدالکلام ٹیکنیکل یونیورسٹی اور سائبر کرائم، پولس ہیڈکوارٹر، اتر پردیش نے سائبر سیکورٹی کے میدان میں تعلیم، ہنرمندی کی ترقی، تحقیق اور اختراعات کو فروغ دینے کے لیے مفاہمت کی یادداشت (ایم او یو) کا تبادلہ کیا۔ وائس چانسلر پروفیسر جے پی پانڈے کی زیرقیادت اس اقدام کا مقصد یونیورسٹی کے طلباء کو حقیقی دنیا کے سائبر سیکیورٹی چیلنجوں سے منسلک کرنا ہے اور انوویشن ہب کے ذریعے، اتر پردیش پولیس کی سائبر کرائم برانچ کے لیے جدید تکنیکی حل تیار کرنے میں تعاون کرنا ہے۔

.......................................................

पीटीसी लखनऊ